SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر LV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.LV OF 1984

سندھ یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE UNIVERSITY OF SINDH (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۳۶ کی ترمیم

AMENDMENT OF SECTIONS 36 OF SINDH ACT XXIV OF 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم

Amendment of sections 40 of Sindh Act XXIV of 1972

۴۔ ۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۵۲ کی ترمیم

Amendment of sections 52 of Sindh Act XXIV of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر LV مجریہ ۱۹۸۴

SINDH ORDINANCE NO.LV OF 1984

سندھ یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴

THE UNIVERSITY OF SINDH (AMENDMENT) ORDINANCE, 1984

[۱۲ دسمبر ۱۹۸۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ شرعی عدالت نے سندھ یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ میں کچھ ترامیم کرنے کی ہدایت کی ہے؛

اور جیسا کہ سندھ یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اب اس لیئے، پانچویں جولائی ۱۹۷۷ کے اعلان اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر، ۱۹۸۱ کی روشنی میں گورنر سندھ نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ یونیورسٹی (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۸۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۳٦ کی ترمیم

AMENDMENT OF

۲۔ سندھ یونیورسٹی ایکٹ، ۱۹۷۲ میں ، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۳۶ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان کو شامل کیا جائے گا:

SECTIONS 36 OF SINDH ACT XXIV OF 1972

"بشرطیکہ جب تک اپیل کرنے والے کو سننے کا موقعہ فراہم نہ کیا جائے تب تک پر اپیل جاری نہیں کیا جائے گا۔"۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۴۰ کی ترمیم

Amendment of sections 40 of Sindh Act XXIV of 1972

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۴۰ میں، آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو کولن سے تبدیل کیا جائے گا اور اس کے بعد مندرجہ ذیل شرطیہ بیان شامل کیا جائے گا:
"بشرطیکہ جب تک اپیل گذار یا مدعی، جیسے بھی معاملہ ہو، ان کو سننے کا موقعہ فراہم نہیں کیا جاتا، تب تک اپیل یا نظرثانی کے سلسلے میں کوئی بھی حکم جاری نہیں کیا جائے گا۔"۔

۱۹۷۲ کے سندھ ایکٹ XXIV کی دفعہ ۵۲ کی ترمیم

Amendment of sections 52 of Sindh Act XXIV of 1972

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۵۲ میں، الفاظ "کیئے گئے" اور الفاظ "کے نیچے" کے درمیاں الفاظ "اچھی نیت سے" شامل کیئے جائیں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔